Development Through Education Organization

السلامُ علیکم

ڈویلپمینٹ تھرو ایجوکیشن ایک اپنی مدد آپ کے تحت ۲۰۱۶ میں قائم کی گئی ایک غیر رسمی تنظیم ہے۔

نظیم کے قیام کے پیچھے دو باتیں بہت اہم اور متاثر کن تھیں جن کے باعث اس منصوبے پر کام کا آغاز کیا گیا۔ اولاًیہ کہ یتیمی بہت بڑی محرومی ہے اور جسے صحیح طور پر شائد وہی سمجھ سکتا ہے جو اس کیفیت سے گزر رہا ہو، اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے ہمیں یتیموں کا احساس کرنے کا حکم دیا ہے اور یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے ارشاد مبارکہ کا مفہوم ہے کہ جس شخص نے یتیم کی کفالت کی وہ اور میں جنت میں ایسے ہوں گے جیسے یہ دو انگلیاں۔ دوسری چیز تعلیم اور ہمارے معاشرے کے لیے اس کی اہمیت تھی، بلاشبہ سماجی خدمت کے تمام کام بہت اہم ہیں اور اُن کی اپنی اہمیت ہے مگر تعلیم وہ واحد کام ہے جو دور پا نتائج کا حامل کام ہے اور معاشرے میں عملی تبدیلی کا مظہر ہے۔ اگر ہماری وجہ سے ایک بچہ بھی کامیاب ہو جاتا ہے تو وہ اپنا اور خاندان کا مستقبل سنوارنے اور معاشرے کے لیے مفید شہری بننے کے ساتھ ساتھ ہماری آخرت بھی سنوارنے میں مددگار ثابت ہو گا۔

ذیل میں سماجی خدمت کے اس منصوبے اور اس کی تنظیم سازی، مقاصد اور کام کا طریقہ کار تفصیلاً بیان کیا جا رہا ہے۔ اس تنظیم کا بنیادی مقصد والدین کے سایہ شفقت سے محروم اور ضرورت مند بچوں کی تعلیم تک رسائی ممکن بنانا ہے۔ ذیلی مقاصد میں صحت اور دیگر شامل ہیں۔ بچوں کے لیے سکول کے انتخاب اور سکول داخل کرنا تنظیم کی ذمہ داری ہوتی ہے جسے ہم میں سے کوئی دستیاب شخص ادا کرتا ہے۔ بچوں کی فیس براہ راست سکول کو ادا کی جاتی ہے جبکہ ٹراسپورٹ، پاکٹ منی، یونیفارم اور دیگر اخراجات کے لیے مخصوص رقم براہ راست خاندان کو دی جاتی ہے، اس کے علاوہ تنظیم کے کارکن بھی اس مد میں اپنی خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ تمام ادائیگیوں کی رپورٹ بمعہ رسید وغیرہ تنظیم کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ کر دی جاتی ہے جسے تنظیم کے مستقل اراکین دیکھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ تمام رپورٹس ماہانہ بنیادوں پر مستقل اراکین کو بذریعہ ای میل بھی ارسال کر دی جاتی ہیں۔ تنظیم سکولوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتی ہے اور سکولوں سے بچوں کی تعلیمی کارکردگی معلوم کرنے کی ذمہ داری بھی تنظیم ہیہوتی ہے۔

تنظیم کے دو طرح کے اراکین ہیں۔ مستقل اراکین اور غیر مستقل اراکین، مستقل اراکین ماہانہ ب بنیادوں پر ایک مخصوص رقم ادا کرنے کے پابند ہیں، اس طرح بجٹ کنٹرول میں رہتا ہے۔ غیر مستقل اراکین اپنی آسانی اور سہولت کے مطابق کسی بھی وقت عطیات دے سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ دیگر بھی کچھ سماجی شخصیات اور ادارے مدد کر سکتے ہیں۔ مستقل اراکین کو تمام ڈیٹا تک مکمل رسائی حاصل ہوتی ہے۔ وہ تمام کلائینٹس کا ڈیٹا، رقم کی ادائیگیوں کا ریکارڈ اور دیگر معلومات ویب سائیٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔

تنظیم کے فنڈز کا انحصار بنیادی طور پر تنظیم کے مستقل اراکین پر ہوتا ہے جو ماہانہ بنیادوں پر ایک مخصوص رقم فراہم کرنے کے پابند ہیں۔ رقم کا انتخاب مستقل اراکین اپنی سہولت کے مطابق کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستان میں موجود افراد اپنی خدمات بھی فراہم کر سکتے ہیں جن کی ہمیں اشد ضرورت ہو گی۔

سلائیڈ شو پریزینٹیشن بھی شامل ہے جس سے تنظیم کا ڈھانچہ اور کام کا طریقہ کار مزید واضح ہو جائے گا۔ براہ مہربانی ہمیں اپنے /اس تحریر کے ساتھ ایک ویڈیو پریزینٹیشن فیڈبیک سے ضرور آگاہ کریں۔ اس سے متعلق کسی قسم کا سوال بلا جھجک پوچھیں، میں مزید وضاحت کر دی جائے گی۔ شکریہ

مزید تفصیلات کے لیے ہماری ویب سائیٹ اور فیس بک پیج ملاحظہ کیجئیے:

http://hdeo.yolasite.com
https://www.facebook.com/dteorg

محمد عمیر عالم۔ ہانگ کانگ

وقاص جمشید۔ کراچی

فیصل شاہ۔ اٹک

عرفان خان۔ جرمنی

عدنان اقبال۔ کراچی

اور دیگر مستقل اراکین وکارکنان